الطريقة السهلة

لتعلم اللغة العربية

عربی زبان سیکھنے کا آسان طرز

عربی زبان کے مفردات و
مرکبات سکھانے والی
بہترین اور دلچسپ کتاب
جس میں استعمال ہونے والی
تمام چیزوں کو تصاویر کی مدد
سے نمایاں کیا گیا ہے۔

نظر ثانی
مولانا شفیق احمد خان بستوی
مدیر جامعہ خدیجۃ الکبریٰ

تقریظ
ولی خان المظفر
المشرف العام لمجمع اللغة العربية بپاکستان

اعداد
خلیل الرحمٰن العمری

نارتھ ناظم آباد بلاک ایچ

نام کتاب: .... الطريقة السهلة لتعلم اللغة العربية

مرتب: .... خلیل الرحمٰن العمری

طباعت اول 2011

ناشر: .... النجاح

رابطہ نمبر: 0333-38 74 213
0332-22 14 044

ملنے کے پتے

☆ اسلامی کتب خانہ، بنوری ٹاؤن کراچی

☆ مظہری کتب خانہ، گلشن اقبال کراچی

☆ ادارۃ الانور، بنوری ٹاؤن کراچی

☆ مکتبہ خدیجۃ الکبریٰ، اردو بازار کراچی

☆ مکتبہ المعارف، بنوری ٹاؤن، کراچی

☆ بخاری کتاب گھر، گھنٹہ گھر، سکھر

الفهرس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

چند کلمات

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم أمابعد:

بلاشبہ عربی زبان قرآن وسنت کی زبان ہونے کے سبب ہماری نظر میں سب سے افضل ترین ہے اسکی فضیلت حضور پاک علیہ السلام کے اس فرمان سے خوب نمایاں ہوجاتی ہے جسمیں آپ علیہ السلام نے عربوں سے محبت کی تین بنیادیں بیان فرمائی ہیں پہلا یہ کہ آپ علیہ السلام خود عربی ہیں دوسرے یہ کہ قرآن کریم عربی ہے اور تیسرے یہ کہ اہل جنت کی زبان بھی عربی ہے۔

علاوہ ازیں ناقابل انکار حقیقت یہ بھی ہے کہ عربی زبان پوری دنیا میں بولی جانے والی تمام زبانوں سے زیادہ وسیع گہرائی والی زبان ہے اسمیں جو ذخیرہ الفاظ بیش بہا خزانے کی صورت میں موجود ہے وہ دنیا کی کسی زبان میں نہیں سنا گیا اور نہ آج تک اس کے مقابل کوئی دوسری زبان آسکی ہے، چنانچہ بطور مثال یہ کہنا کافی ہوگا کہ اونٹ کیلئے عربی میں کئی سو الفاظ موجود ہیں، شیر کیلئے، تلوار کیلئے اسی طرح بے شمار الفاظ پائے جاتے ہیں دنیا کی دیگر زبانیں اس خوبی سے بالکل عاری ہیں۔

ساتھ ہی ساتھ یہ بھی ایک واضح حقیقت ہے کہ جو فصاحت کلام اس عربی زبان میں پائی جاتی ہے وہ کسی دوسری زبان میں قطعاً ناپید ہے، لہٰذا اس کا سیکھنا سکھانا ایک طرف فضیلت کی بات ہے تو دوسری جانب فصاحت کلام کی خوبی کا ذریعہ بھی ہے، نیز دور حاضر میں دنیا میں اپنا دائرہ اثر وسیع کرتی ہوئی اس زبان کا سیکھنا ایک بڑی ضرورت بھی بنتا جارہا ہے، اس نہج پر اہل علم نے طلبہ اور عام مسلمانوں کی خدمت کیلئے اچھی قلمی کاوشیں پیش کی ہیں جن سے بجاطور پر بہت فائدہ حاصل ہوا ہے اور تاحنوز جاری ہے مگر اس طرح کی تعلیمی و علمی کاوشوں کا تسلسل بھی نوع بہ نوع خوبیوں کے ساتھ جاری وساری ہے اسی کی ایک عمدہ اور نافع کڑی پیش نظر کتاب بھی ہے۔ جس کو مولانا خلیل الرحمٰن العمری حفظہ اللہ نے بڑی عرق ریزی ومہارت سے مرتب کیا ہے۔

احقر نے پوری کتاب بغور دیکھی ہے اس کو دور حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کی اچھی کوشش موصوف نے کی ہے، اللہ تعالیٰ اس کو حسن قبول سے نوازے اور طلبہ وطالبات نیز عام اہل ذوق مسلمانوں کو اس سے نفع بہم پہونچائے آمین۔

ایں دعا از من واز جملہ جہاں آمین باد

والسلام

احقر: شفیق احمد بستوی عفی عنہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تقریظ

الحمد لله ربّ العالمين والعاقبة للمتقين والصلاة والسلام على خاتم الأنبياء والمرسلين سيدنا محمد و آله وصحبه أجمعين.

أمّا بعد:

امام حاکم نے متدرک میں حضرت عبداللہ بن عبّاس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کا ارشاد نقل کیا ہے جس کا مفہوم ہے کہ۔

تین چیزوں کی وجہ سے عربوں سے محبت کرو، ایک یہ کہ میں عربی ہوں دوسری یہ کہ قرآن عربی زبان میں ہے تیسری یہ کہ جنّت کی زبان عربی ہے۔

اس ارشادگرامی سے یہ معلوم ہوا کہ عربی زبان کا تعلّق صرف اس دنیا فانی تک محدود نہیں بلکہ آخرت میں بھی اہل جنّت کی زبان عربی ہوگی، لہٰذا یہ کہا جاسکتا ہے کہ عربی زبان جنّت اور جنّت والوں کی طرح أبد الآباد تک زندہ رہیگی اور دنیا کی دیگر زبانوں کی طرح کچھ مخصوص زندگی گزار کر فنا نہیں ہوگی۔ قرآن کریم کی ذمہ داری اللہ ربّ العزّت نے

إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ

فرما کر خود اپنے اوپر لی ہے اور قرآن کریم چونکہ فصیح وبلیغ عربی زبان میں ہے اس لیئے قرآن کریم کے ضمن میں عربی زبان کی حفاظت بھی اللہ ربّ العزت کے ذمہ آئی اور اسی وجہ سے عربی زبان کی حفاظت کے لیئے مختلف ذرائع پیدا فرمائے۔

چنانچہ صرف، نحو، علم لغت معانی بیان اور بدیع نے اس زبان کی حفاظت میں اہم کردار ادا کیا یہ کتاب بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے اور اس کتاب میں تعلیم وتفہیم کا ایسا انداز رکھا گیا ہے کہ ذہن پر کوئی بار محسوس نہیں ہوتا۔

بلا مبالغہ یہ کہا جاسکتا ہے کہ مصنّف کتاب کو اپنے مقصد میں انشاء اللہ غیر معمولی کامیابی حاصل ہوگی اگر اس کتاب کو تمام سرکاری اور غیر سرکاری مدارس (جن میں عربی کی تعلیم دی جاتی ہے) میں داخل نصاب کردیا جائے تو طلبہ کو عربی زبان کا سیکھنا آسان تر ہوجائیگا۔

اللہ ربّ العزت مصنّف کتاب کی ساعی جمیلہ کو اپنی بارگاہ عالی میں قبول فرمائے اور طالبین عربی کے لئے بہترین توشہ بنائے۔

آمین یارب العالمین

ولی خان المظفر

المشرف العام لمجمع اللغة العربية بباكستان

پیش لفظ

حامدًاو مصلیًا!

بلاشبہ پاکستان میں عربی زبان کا شوق وذوق جس رفتار سے بڑھ رہا ہے اسی رفتار سے اہل علم بھی اسکو آسان سے آسان بنانے کیلئے سعی کررہے ہیں چنانچہ آئے دن مختلف طور طریقہ کی کتابیں اسی سلسلے کی کڑی ہیں جسکی افادیت میں کسی شک وتردّد کی گنجائش نہیں ہے۔

چونکہ اکثر اہل علم کوئی نہ کوئی مخصوص طبقہ کو پیش نظر رکھتے ہوئے اپنی سوچ ولیاقت وصلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہیں جسکے نتیجہ میں انکی جدوجہد کی افادیت محدود ہو کر رہ جاتی ہے اور ایک مخصوص طبقہ اسکا محور بن کر رہ جاتا ہے۔

لہٰذا ضرورت اس بات کی تھی کہ ایک ایسی کتاب مرتب کی جائے جو اپنی جامعیت کیوجہ سے نہ صرف دینی طلبہ کے حلقوں میں مقبول ہو بلکہ عامۃ الناس کیلئے بھی مفید ہو۔

اس لئے احساس ضرورت اور ذاتی دلچسپی نے بندہ کو علمی کم مائیگی اور صعوبت کار کے باوجود اس خدمت کی انجام دہی کے لئے آمادہ کیا۔

چنانچہ زیرنظر کتاب میں عربی زبان کو عام فہم قواعد کے ذریعہ سہل ترین انداز میں پیش کیا گیا ہے جسمیں تصاویر کی مدد سے ہر چیز کی وضاحت کی گئی ہے اور ہر درس میں روز مرہ استعمال ہونے والے عام فہم جملوں کو ذکر کیا گیا ہے اور ساتھ ہی ہر درس سے متعلق اسکی مختلف مشقیں دی گئی ہیں اور کتاب کے آخر میں تمام مفردات کی جمع اور معانی یکجا لکھ دی گئی ہیں۔

زیرنظر کتاب حصہ اوّل ہے جبکہ دیگر حصے آنے کو ہیں (انشاء اللہ) اس کتاب کے مرتب کرنے میں بہت سے احباب نے بندہ کو اہم مشوروں سے نوازا اور اسکی تصحیح بندہ کے محسن حضرت مولانا شفیق احمد خان قاسمی بستوی صاحب نے فرمائی جبکہ کتاب کو مرتب کرنے میں بندہ کے ساتھی مولانا محمد اسماعیل صاحب نے کافی حد تک معاونت کی ہے۔ بندہ ان تمام حضرات کا دل کی گہرائیوں سے مشکور ہے۔

نیز قارئین حضرات سے گزارش ہے کہ کتاب میں نظر آنے والی خامیوں سے بندہ کو مطلع فرما کر ممنون فرمائیں۔

والسلام

خلیل الرحمٰن العمری ژوبی

اَلدَّرْسُ الْأَوَّلُ (۱)

(أَسْمَاءُ الْإِشَارَةِ لِلْمُذَكَّرِ) (اسماء اشارہ برائے مذکر)

تعریف: جن لفظوں کے ذریعے کسی مذکر چیز کی طرف اشارہ کیا جائے وہ اسماء اشارہ برائے مذکر ہیں، اور وہ دو قسم کے ہیں
(۱) قریب کے لئے (۲) دور کے لئے

قریب کے لئے: (۱) **هٰذَا**: یہ [واحد مذکر کے لئے]

فائدہ: **هٰذَا** کے بعد اگر کسی کا نام یا کوئی لفظ بغیر الف لام کے آجائے تو جملہ مکمل ہو جاتا ہے جیسے: **هٰذَا خَالِدٌ** (یہ خالد ہے) **هٰذَا بَيْتٌ** (یہ ایک گھر ہے) **نوٹ**: عربی میں لفظ **ہے، ہیں** کے لئے کوئی لفظ نہیں آتا۔

هٰذَا قَلَمٌ.	هٰذَا كِتَابٌ.
هٰذَا مَسْجِدٌ.	هٰذَا جَوَّالٌ.
هٰذَا كُوبٌ.	هٰذَا مَكْتَبٌ.
هٰذَا كُرْسِيٌّ.	هٰذَا صُنْدُوقٌ.
هٰذَا دُولَابٌ.	هٰذَا شُبَّاكٌ.
هٰذَا مِصْبَاحٌ.	هٰذَا بَابٌ.
هٰذَا حَاسُوبٌ.	هٰذَا قَمِيصٌ.
هٰذَا صَحْنٌ.	هٰذَا وَالِدٌ.

هٰذَا طِفْلٌ.	هٰذَا طَبِيْبٌ.
هٰذَا سَائِقٌ.	هٰذَا فِنْجَانٌ.
هٰذَا شَارِعٌ.	هٰذَا مُكَيِّفٌ.
هٰذَا جِدَارٌ.	هٰذَا سَقْفٌ.
هٰذَا كِيْسٌ.	هٰذَا وَلَدٌ.
هٰذَا طَوِيْلٌ.	هٰذَا قَصِيْرٌ.
هٰذَا سَمِيْنٌ.	هٰذَا نَحِيْفٌ.
هٰذَا مِرْسَمٌ.	هٰذَا مَاءٌ.

تمرین (۱)

عربی میں ترجمہ کریں!

یہ ایک پلیٹ ہے۔	یہ ایک دیوار ہے۔	یہ ایک چھت ہے۔	یہ چائے کی پیالی ہے۔
یہ لمبا ہے۔	یہ موٹا ہے۔	یہ ایک دروازہ ہے۔	یہ ایک لائٹ ہے۔
یہ ایک لڑکا ہے۔	یہ ایک موبائل ہے۔	یہ ایک الماری ہے۔	یہ ایک کھڑکی ہے۔

یہ ایک کپ ہے۔	یہ ایک پنسل ہے۔	یہ ایک ڈسک ہے۔	یہ پانی ہے۔
یہ ایک بچہ ہے۔	یہ ایک ڈرائیور ہے۔	یہ ایک تھیلی ہے۔	یہ ایک کمپیوٹر ہے۔

تمرین (۲)

مندرجہ ذیل تصاویر کے ناموں کو جملوں میں استعمال کریں!

اَلدَّرسُ الثَّانی (۲) مَاھٰذَا؟ (یہ کیا ہے؟)

تعریف: مَا کے ذریعے کسی غیر عاقل چیز کے بارے میں سوال کیا جاتا ہے جیسے: مَاھٰذَا؟ (یہ کیا ہے؟) تو جواب ہوگا ھٰذَا قَلَمٌ. (یہ ایک قلم ہے.)

پھر جس چیز کے بارے میں آپ سوال کررہے ہیں اس کا نام لیکر سوال کریں گے تو اکثر (أ) کے ذریعے سوال کریں گے جیسے: أَھٰذَا بَیْتٌ؟ (کیا یہ گھر ہے؟) اور اگر نام نہیں لیتے تو (مَا) کے ذریعے سوال کریں گے جیسے: مَاھٰذَا؟ (یہ کیا ہے؟)

مَاھٰذَا؟	ھٰذَابَیْتٌ.	وَمَاھٰذَا؟	ھٰذَاصَابُوْنٌ.
مَاھٰذَا؟	ھٰذَاحِصَانٌ.	وَمَاھٰذَا؟	ھٰذَاحِمَارٌ.
مَاھٰذَا؟	ھٰذَاكَلْبٌ.	وَمَاھٰذَا؟	ھٰذَا قِطٌّ.
مَاھٰذَا؟	ھٰذَا سَرِیْرٌ.	وَمَاھٰذَا؟	ھٰذَاعَمُوْدٌ.
مَاھٰذَا؟	ھٰذَا أَسَدٌ.	وَمَاھٰذَا؟	ھٰذَامِصْبَاحٌ.
مَاھٰذَا؟	ھٰذَاحَلِیْبٌ.	وَمَاھٰذَا؟	ھٰذَامِفْتَاحٌ.
مَاھٰذَا؟	ھٰذَاكُوْبٌ.	وَمَاھٰذَا؟	ھٰذَاصَحْنٌ.

أَهٰذَا دُوْلَابٌ؟ لَا، هٰذَا شُبَّاكٌ.	أَهٰذَا بَابٌ؟ نَعَمْ! هٰذَا بَابٌ.
أَهٰذَا حَاسُوْبٌ؟ لَا، هٰذَا جَوَّالٌ.	أَهٰذَا خَالِدٌ؟ نَعَمْ! هٰذَا خَالِدٌ.
أَهٰذَا نَحِيفٌ؟ لَا، هٰذَا سَمِيْنٌ.	أَهٰذَا مَكْتَبٌ؟ لَا، هٰذَا دُوْلَابٌ.
أَهٰذَا سَائِقٌ؟ نَعَمْ! هٰذَا سَائِقٌ.	أَهٰذَا وَلَدٌ؟ لَا، هٰذَا طِفْلٌ.
أَهٰذَا سَقْفٌ نَعَمْ! هٰذَا سَقْفٌ.	أَهٰذَا بَيْتٌ؟ لَا، هٰذَا مَسْجِدٌ.
أَهٰذَا جِدَارٌ؟ لَا، هٰذَا عَمُوْدٌ.	أَهٰذَا سَائِقٌ؟ لَا، هٰذَا طَبِيْبٌ.
أَهٰذَا مُكَيِّفٌ؟ نَعَمْ! هٰذَا مُكَيِّفٌ.	أَهٰذَا قَمِيْصٌ؟ لَا، هٰذَا [illegible]يلٌ.

تمرین (۳)

عربی میں ترجمہ کریں!

یہ کیا ہے؟	یہ گھر ہے	کیا یہ پانی ہے؟	نہیں، یہ دودھ ہے۔
کیا یہ گھوڑا ہے؟	جی ہاں! یہ گھوڑا ہے	کیا یہ پلیٹ ہے؟	نہیں، یہ پیالہ ہے۔
یہ کیا ہے؟	یہ بچہ ہے۔	کیا یہ تالا ہے؟	نہیں، یہ شیر ہے۔
کیا یہ ستون ہے؟	نہیں یہ دیوار ہے۔	کیا یہ دروازہ ہے؟	جی ہاں! یہ دروازہ ہے۔

تمرین (۴)

مندرجہ ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں!

أ	لَا	نَعَمْ	مَا	هٰذَا

تمرین (۵)

اردو میں ترجمہ کریں!

أَ هٰذَا قِطٌّ ؟	لَا ،بَلْ هٰذَا كَلْبٌ.	أَ هٰذَا بَابٌ؟	لَا ، بَلْ هٰذَا شُبَّاكٌ
أَ هٰذَا أَسَدٌ؟	نَعَمْ! هٰذَا أَسَدٌ.	أَ هٰذَا طِفْلٌ؟	نَعَمْ! هٰذَا طِفْلٌ.
أَ هٰذَا خَالِدٌ؟	لَا ، هٰذَا يَاسِرٌ.	مَا هٰذَا؟	هٰذَا فِنْجَانٌ.
أَ هٰذَا نَحِيْفٌ ؟	لَا ، هٰذَا سَمِيْنٌ.	أَ هٰذَا كِيْسٌ ؟	نَعَمْ! هٰذَا كِيْسٌ.

تمرین (۶)

مندرجہ ذیل سوالوں کے جوابات دیجئے!

(۱) اسم اشارہ کی تعریف کریں!	(۲) هٰذَا سے جملہ کب مکمل ہوتا ہے؟
(۳) مَا اور أ کے استعمال کا طریقہ بتائیں!	(۴) نَعَمْ! کا استعمال کہاں ہوتا ہے؟

اَلدَّرْسُ الثَّالِثُ (۳)

مَنْ ؟ (کون ؟)

قاعدہ: لفظ مَنْ کے ذریعے کسی عاقل (انسان، جنات، فرشتے) کے بارے میں سوال کیا جاتا ہے جیسے: **مَنْ هٰذَا؟** (یہ کون ہے؟) تو جواب ہوگا **هٰذَا خَالِدٌ** (یہ خالد ہے)۔

مَنْ هٰذَا؟ هٰذَامُهَنْدِسٌ.	وَمَنْ هٰذَا؟ هٰذَا إِمَامٌ.
مَنْ هٰذَا؟ هٰذَا مُدَرِّسٌ.	وَمَنْ هٰذَا؟ هٰذَاجُنْدِيٌّ.
مَنْ هٰذَا؟ هٰذَاتِلْمِيْذٌ.	وَمَنْ هٰذَا؟ هٰذَامُدِيْرٌ.
مَنْ هٰذَا؟ هٰذَا عَجُوْزٌ.	وَمَنْ هٰذَا؟ هٰذَا شَابٌّ.

اسم اشارہ مذکر کی دوسری قسم:

(۲) دور کے لئے۔ **ذٰلِکَ** : وہ [برائے واحد مذکر]

تعریف: **ذٰلِکَ** کے ذریعے کسی بعید (دور) چیز کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے اور یہ صرف واحد مذکر کے لئے استعمال ہوتا ہے، جیسے: **ذٰلِکَ کِتَابٌ.** (وہ ایک کتاب ہے)

فائدہ: **ذٰلِکَ** کے بعد اگر کسی کا نام یا کوئی لفظ بغیر الف لام کے آجائے تو جملہ مکمل ہوجاتا ہے جیسے: **ذٰلِکَ خَالِدٌ.** (وہ خالد ہے) **ذٰلِکَ بَابٌ.** (وہ ایک دروازہ ہے)

ذٰلِکَ طَالِبٌ.	ذٰلِکَ مِفْتَاحٌ.	ذٰلِکَ مَکْتَبٌ.

مَاذٰلِكَ؟ ذٰلِكَ قُفْلٌ.

وَمَاذٰلِكَ؟ ذٰلِكَ بَلَاطٌ.

مَاذٰلِكَ؟ ذٰلِكَ مِلَفٌّ.

وَمَاذٰلِكَ؟ ذٰلِكَ قِطَارٌ.

مَنْ ذٰلِكَ؟ ذٰلِكَ تَاجِرٌ.

وَمَنْ ذٰلِكَ؟ ذٰلِكَ حَارِسٌ.

مَنْ ذٰلِكَ؟ ذٰلِكَ مُهَنْدِسٌ.

وَمَنْ ذٰلِكَ؟ ذٰلِكَ لَاعِبٌ.

أَ ذٰلِكَ مِرْسَمٌ؟

لَا، بَلْ ذٰلِكَ قَلَمٌ.

أَ ذٰلِكَ مُدَرِّسٌ؟

لَا، بَلْ ذٰلِكَ طَالِبٌ.

أَ ذٰلِكَ عَجُوزٌ؟

لَا، بَلْ ذٰلِكَ شَابٌّ.

أَ ذٰلِكَ طَبِيبٌ؟

لَا، بَلْ ذٰلِكَ مُهَنْدِسٌ.

أَ ذٰلِكَ فِنجَانٌ؟

لَا، بَلْ ذٰلِكَ كُوبٌ.

أَ ذٰلِكَ طَوِيلٌ؟

نَعَمْ! ذٰلِكَ طَوِيلٌ.

هٰذَا كِتَابٌ وَذٰلِكَ قَلَمٌ.

وَمَاذٰلِكَ؟

ذٰلِكَ وَرَقٌ.

هٰذَا مَسْجِدٌ وَذٰلِكَ بَيْتٌ.

وَمَاذٰلِكَ؟

ذٰلِكَ مَلْعَبٌ.

تمرین (۷)

عربی میں ترجمہ کریں!

یہ کون ہے؟	یہ خالد ہے۔	اور وہ کون ہے؟	وہ ایک ڈاکٹر ہے۔
کیا وہ ایک فائل ہے؟	نہیں وہ ایک ورق ہے۔	وہ کیا ہے؟	وہ تالا ہے۔
کیا یہ چوکیدار ہے؟	نہیں یہ ڈرائیور ہے۔	کیا وہ فوجی ہے؟	جی ہاں! وہ فوجی ہے۔
یہ ایک قلم ہے اور وہ ایک پنسل ہے۔		یہ ایک موبائل ہے اور وہ ایک کمپیوٹر ہے۔	
یہ ایک انجینئر ہے اور وہ ایک تاجر ہے۔		یہ خالد ہے اور وہ سلیمان ہے۔	
یہ کھڑکی ہے اور وہ دروازہ ہے۔		یہ خالد ہے اور وہ کون ہے؟ وہ یاسر ہے۔	

تمرین (۸)

اردو میں ترجمہ کریں!

هٰذاسَرِيْرٌوذٰلِکَ کُرسِيٌّ.	هٰذامَاءٌ وَذٰلِکَ حَلِيْبٌ.	ذٰلِکَ مِفتَاحٌ .وَهٰذَامِصْبَاحٌ.
هٰذَا مَلْعَبٌ . وَذٰلِکَ لَاعِبٌ.	هٰذَا شَابٌّ وَذٰلِکَ عَجُوْزٌ.	هٰذَا إِمَامٌ وَذٰلِکَ مُدِيْرٌ.
ذٰلِکَ مُدَرِّسٌ .وَمَنْ هذَا؟ هٰذَا حَارِسٌ.		ذٰلِکَ کُوْبٌ. ومَاهٰذَا؟ هٰذَا فِنْجَانٌ
مَاهذا؟ وَمَاذلک؟ هٰذَا مُکَيِّفٌ،وَذٰلِکَ حَاسُوْبٌ.		مَنْ ذٰلِکَ؟ وَمَنْ هٰذَا؟ ذٰلِکَ تَاجِرٌ، وَهٰذَاطَبِيْبٌ.
هٰذَا بَلَاطٌ .وَمَاذٰلِکَ ؟ ذٰلِکَ صَحْنٌ.		هٰذَامِلَفٌّ .ومَاهٰذَا؟ هٰذَا کِتَابٌ.

اَلدَّرْسُ الرَّابِعُ (۴)

هٰذَا الْكِتَابُ جَدِيْدٌ. (یہ کتاب نئی ہے)

فائدہ : اگر اسم اشارہ کے بعد صرف ایک لفظ ہو اور وہ الف لام کے ساتھ ہو تو عام طور پر جملہ نامکمل رہے گا، جیسے هٰذَا الْكِتَابُ (یہ کتاب) لہٰذا جملہ کو مکمل کرنے کے لئے اس کے بعد بغیر الف لام کے ایک اور لفظ کا اضافہ کیا جائے گا، جیسے: هٰذَا الْكِتَابُ جَدِيْدٌ. (یہ کتاب نئی ہے) بشرطیکہ اسم اشارہ سے پہلے مَا یا مَنْ نہ ہو، جیسے: مَنْ هٰذَا الْوَلَدُ؟ (یہ لڑکا کون ہے؟) مَا هٰذَا الْاَمْرُ؟ (یہ کیا بات ہے؟) کیونکہ اس صورت میں جملہ مکمل ہے۔

قاعدہ: جس لفظ کے شروع میں الف لام ہو تو اس پر تنوین یعنی (دوزبر دوزیر دوپیش) نہیں آسکتی جیسے: اَلرَّجُلُ

هٰذَا الصَّحْنُ نَظِيْفٌ.	هٰذَا الطِّفْلُ جَمِيْلٌ.
ذٰلِكَ الطَّبِيْبُ مَاهِرٌ.	هٰذَا الْمِشْطُ جَدِيْدٌ.
هٰذَا الْمَكْتَبُ مَكْسُوْرٌ.	هٰذَا الطَّالِبُ مُجْتَهِدٌ.
هٰذَا الْحِصَانُ قَوِيٌّ.	وَذٰلِكَ ضَعِيْفٌ.
هٰذَا الْبَابُ مَكْسُوْرٌ.	وَذٰلِكَ مَفْتُوْحٌ.
هٰذَا الْكُرْسِيُّ كَبِيْرٌ.	وَذٰلِكَ صَغِيْرٌ.
هٰذَا الْكُوْبُ قَرِيْبٌ.	وَذٰلِكَ بَعِيْدٌ.

هٰذَاالوَلَدُ جَالِسٌ.	وَذٰلِکَ وَاقِفٌ.
هٰذَاالرَّجُلُ طَوِيلٌ.	وَذٰلِکَ قَصِيرٌ.
هٰذَاالشَّابُّ قَوِيٌّ.	وَذٰلِکَ الْعَجُوزُضَعِيفٌ.
مَنْ ذٰلِکَ الْوَلَدُ؟ ذٰلِکَ حامِدٌ.	أَ هٰذَاالحِصَانُ سَرِيْعٌ؟ نَعَمْ! هٰذَاالحِصَانُ سَرِيْعٌ.
أَ ذٰلِکَ الطِّفْلُ مَرِيْضٌ؟ لا ،بَلْ ذٰلِکَ صَحِيْحٌ.	أَ هٰذَاالْمَاءُ بَارِدٌ؟ نَعَمْ!هٰذَاالْمَاءُ بَارِدٌ.
أَ ذٰلِکَ الْکِتَابُ رَخِيْصٌ؟ نَعَمْ،ذٰلِکَ الْکِتَابُ رَخِيْصٌ.	أَ هٰذَاالْمِرْسَمُ جَدِيْدٌ؟ نَعَمْ! هٰذَاالْمِرْسَمُ جَدِيْدٌ.
أَ ذٰلِکَ الْجَوَّالُ ثَمِيْنٌ؟ نَعَمْ! ذٰلِکَ الْجَوَّالُ ثَمِيْنٌ.	أَ هٰذَاالْبَابُ مَفْتُوحٌ؟ لا ، هٰذَا مُغْلَقٌ.

هٰذَامُدَرِّسٌ وَ هٰذَا تِلْمِيْذٌ .

وَ مَنْ ذٰلِكَ الرَّجُلُ؟

ذٰلِكَ سَائِقٌ.

هٰذَا الْبَيْتُ صَغِيْرٌ.وَذٰلِكَ كَبِيْرٌ .

وَمَاهٰذَا ؟

هٰذَا مَسْجِدٌ.

تمرین (۱۰)

عربی میں ترجمہ کریں!

یہ دیوار	وہ کھڑکی	کیاوہ دروازہ	نہیں یہ کرسی	ہاں وہ چھت

یہ کنگھی خوبصورت ہے۔	یہ کتاب نئی ہے اور وہ پرانی ہے۔
یہ استاذ بیٹھے ہوئے ہیں اور وہ کھڑے ہیں۔	یہ موبائل کھلا ہوا اور ٹوٹا ہوا ہے۔
وہ انجینئر ماہر ہے اور یہ طالب علم محنتی ہے۔	کیاوہ پانی ٹھنڈا ہے؟ جی ہاں وہ پانی ٹھنڈا ہے۔
یہ مسجد بڑی ہے اور وہ چھوٹی ہے۔	کیاوہ دروازہ کھلا ہوا ہے؟ نہیں وہ بند ہے۔
یہ لڑکا بیٹھا ہوا ہے اور وہ کھڑا ہے۔	وہ ایک ڈرائیور ہے اور یہ کون ہے؟ یہ ڈاکٹر ہے۔

تمرین (۱۱)

مندرجہ ذیل خالی جگہیں مناسب الفاظ سے پر کریں!

أَ ذٰلِكَ الْوَلَدُ ......؟	نَعَمْ! ذٰلِكَ الْوَلَدُ	هٰذَاخالدٌ... ذٰلِكَ ...
....هٰذَاالْوَلَدُ ؟	هٰذَا الْوَلَدُ	.... الْكِتَابُ ....
أَ ...... الْحِصَانُ .... ؟	نَعَمْ! .... الْحِصَانُ	..... الطَّالِبُ ......

تمرین (۱۲)

مندرجہ ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں!

بَارِدٌ	رَخِيصٌ	ثَمِينٌ	جَالِسٌ	وَاقِفٌ

تمرین (۱۳)

مندرجہ ذیل جملوں میں سے غلط جملوں کو درست کریں!

هٰذَاالْكِتَابٌ جَدِيْدٌ.	هٰذَاوَلَدٌ الجَمِيْلُ.	مَا ذٰلِكَ الرَّجُلُ.
ذٰلِكَ الْبَيْتُ جَمِيْلٌ.	هٰذَاالْمِصْبَاحُ مَكْسُوْرٌ.	أَ هٰذَاالْمِنْدِيْلٌ نَظِيْفٌ؟

تمرین (۱۴)

مندرجہ ذیل سوالوں کے جوابات دیجئے!

(۱) لفظ مَنْ سے کس چیز کے بارے میں سوال کیا جاتا ہے؟
(۲) لفظ ذٰلِكَ سے کس چیز کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے؟
(۳) هٰذَاالْكِتَابُ، اس جملہ کے نامکمل ہونے کی وجہ بیان کریں؟

اَلدَّرْسُ الْخَامِسُ (۵)

(أَسْمَاءُ الْإِشَارَةِ لِلْمُؤَنَّثِ) (اسماءاشارہ برائے مؤنث)

تعریف: جن لفظوں کے ذریعے کسی مؤنث چیز کی طرف اشارہ کیا جائے وہ اسماء اشارہ برائے مؤنث ہیں.

اور وہ دو قسم کے ہیں: (۱) قریب کے لئے (۲) دور کے لئے

قریب کے لئے: هٰذِهِ: یہ [واحد مؤنث کے لئے]

ملاحظہ: اسم اشارہ هٰذِه میں وہی قاعدے استعمال ہونگے جو کہ اسم اشارہ هٰذَا میں ہوتے ہیں۔ جیسے: هٰذِه إمْرَأَةٌ. (یہ ایک عورت ہے) مَاهٰذِه؟ (یہ کیا ہے؟) مَنْ هٰذِه؟ (یہ کون ہے؟) هٰذِه كلثومُ. (یہ کلثوم ہے) هٰذِه الْغُرْفَةُ (یہ کمرہ) هٰذِه الْغُرْفَةُ نَظِيْفَةٌ . (یہ کمرہ صاف ستھرا ہے)

تنبیہ: اسم اشارہ کے بعد اگر کسی لفظ پر الف لام داخل ہو تو جملہ کو مکمل کرنے کیلئے جو لفظ لایا جائے گا اس کی الف لام والے لفظ کیساتھ مذکر اور مؤنث ہونے میں برابری ضروری ہے۔ جیسے: هٰذَاالبيتُ جَمِيْلٌ، هٰذِه الغُرْفَةُ جَمِيلَةٌ.

هٰذِه أَرِيكَةٌ .		هٰذِه مِرْوَحَةٌ.	
هٰذِه سَبُّوْرَةٌ.		هٰذِه زَهْرَةٌ.	
هٰذِه مِمْحَاةٌ.		هٰذِه قَلَنْسُوَةٌ.	
هٰذِه نَظَّارَةٌ .		هٰذِه مِسْطَرَةٌ .	
هٰذِه شَجَرَةٌ.		هٰذِه حَقِيْبَةٌ .	

هٰذِه بِنْتٌ.	هٰذِه طِفْلَةٌ.
هٰذِه مِخَدَّةٌ.	هٰذِه سَاعَةٌ.
هٰذِه طَاوِلَةٌ.	وَهٰذِه مِحْبَرَةٌ.
هٰذَا جَوَّالٌ.	وَهٰذِه بَطَّارِيَّةٌ.
هٰذِه كُرَّاسَةٌ.	وَهٰذِه مُعَلِّمَةٌ.
هٰذِه صِينِيَّةٌ.	وَهٰذِه مِقْلَاةٌ.
هٰذِه النَّظَّارَةُ رَخِيصَةٌ.	وَهٰذِه غَالِيَةٌ.
هٰذِه الطَّالِبَةُ جَالِسَةٌ.	وَهٰذِه وَاقِفَةٌ.
هٰذِه السَّجَّادَةُ سَمِيكَةٌ.	هٰذِه النَّامُوسِيَّةُ جَمِيلَةٌ.
أَهٰذِه الْحَقِيبَةُ جَدِيدَةٌ؟ نَعَمْ! هٰذِه الْحَقِيبَةُ جَدِيدَةٌ.	أَهٰذِه الْمِرْوَحَةُ جَدِيدَةٌ؟ لَا، بَلْ هٰذِه قَدِيمَةٌ.

أَهٰذِهِ الْمُعَلِّمَةُ مُجْتَهِدَةٌ؟ نَعَمْ! هٰذِهِ مُجْتَهِدَةٌ.	أَ هٰذِهِ السَّاعَةُ رَخِيصَةٌ؟ لَا ، هٰذِهِ غَالِيَةٌ.
مَاهٰذِهِ ؟ هٰذِهِ بَقَرَةٌ.	وَمَنْ هٰذِهِ ؟ هٰذِهِ كُلثُومُ.
مَاهٰذِهِ ؟ هٰذِهِ مِكْنَسَةٌ.	وَمَنْ هٰذِهِ ؟ هٰذِهِ تِلْمِيْذَةٌ.
هٰذَا الرَّجُلُ وَاقِفٌ وَهٰذِهِ الْمَرْأَةُ جَالِسَةٌ. وَمَنْ هٰذِهِ؟ هٰذِهِ بِنْتٌ.	هٰذِهِ الْأَرِيْكَةُ جَمِيْلَةٌ وَهٰذِهِ مِخَدَّةٌ. وَمَاهٰذِهِ ؟ هٰذِهِ غَسَّالَةٌ.

تمرین (۱۵)

عربی میں ترجمہ کریں!

وہ چارپائی ہے اور یہ تکیہ ہے۔	یہ کتاب ہے اور یہ بستہ ہے۔
یہ بیٹری ہے اور وہ موبائل ہے۔	یہ گھڑی سستی ہے۔
یہ صوفہ خوبصورت ہے۔	یہ چشمہ نیا ہے اور یہ پرانا ہے۔
یہ بچی کون ہے ؟	یہ کلثوم ہے۔

کیا یہ ٹوپی نئی ہے ؟	جی ہاں! یہ ٹوپی نئی ہے۔
کیا یہ گھڑی نئی ہے ؟	نہیں بلکہ یہ گھڑی پرانی ہے۔

تمرین (١٦)

مندرجہ ذیل خالی جگہیں مناسب الفاظ سے پر کریں!

هٰذِه السَّبُّوْرَةُ	أَ هٰذِه الْكُرَّاسَةُ ....؟	نَعَمْ! .....الْكُرَّاسَةُ ....
هٰذَا ....وهٰذِه	مَنْ .... الْبِنْتُ؟	هٰذِه ......
أَ ..... الْمُعَلِّمَةُ ....؟	لَا، ....الْمُعَلِّمَةُ	.... الْغَسَّالَةُ .....
...... هٰذِه الطِّفْلَةُ ... ... ذٰلِکَ		
هٰذِه السَّبُّوْرَةُ .....وَ ذٰلِکَ..... جَدِيْدٌ.		
أَ .... السَّجَّادَةُ .... ؟ نَعَمْ ! هٰذِه .... سَمِيْکَةٌ.		

تمرین (١٧)

مندرجہ ذیل جملوں میں سے غلط جملوں کو درست کریں!

هٰذِه الْمِكْنَسَةُ قَدِيْمٌ .	هٰذَاالنَّظَّارَةُ رَخِيْصَةٌ .	هٰذِه التِّلْمِيْذَةُ مُجْتَهِدَةٌ .
هٰذِه الْمُهَنْدِسُ وَاقِفٌ.	هٰذِه الشَّجَرَةُ طَوِيْلَةٌ .	هٰذِه الْبَطَّارِيَّةُ قَدِيْمَةٌ.
ذٰلِکَ الْمُعَلِّمُ جَالِسَةٌ وَهٰذَا الْمُعَلِّمَةُ وَاقِفٌ.	مَاهٰذِه ؟ هٰذَا بَقَرَةٌ .	

تمرین (١٨)

مندرجہ ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں!

اَلزَّهْرَةُ	مِمْحَاةٌ	مِحْبَرَةٌ	اَلسَّجَّادَةُ	جَالِسَةٌ

اَلدَّرْسُ السَّادِسُ (٦)

تِلْکَ وہ (برائے واحد مؤنث)

اسم اشارہ مؤنث کی دوسری قسم: (۲) دور کے لئے

تعریف: تِلْکَ کے ذریعے کسی دور چیز کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے اور یہ واحد مؤنث کے لئے استعمال ہوتا ہے، جیسے: تِلْکَ بِنْتٌ. (وہ ایک لڑکی ہے) تِلْکَ مِرْوَحَةٌ. (وہ ایک پنکھا ہے)

فائدہ: تِلْکَ کے بعد اگر کسی کا نام یا کوئی لفظ بغیر الف لام کے آجائے تو جملہ مکمل ہو جاتا ہے جیسے: تِلْکَ کُلْثُوْمُ. (وہ کلثوم ہے) تِلْکَ سَبُّوْرَةٌ. (وہ ایک تختہ سیاہ ہے)

تِلْکَ ثَلَّاجَةٌ.	تِلْکَ قَارُوْرَةٌ .
تِلْکَ سَیَّارَةٌ.	تِلْکَ دَرَّاجَةٌ.
تِلْکَ عَجَلَةٌ.	تِلْکَ شَاشَةٌ .
تِلْکَ هِرَّةٌ.	تِلْکَ دَجَاجَةٌ.
تِلْکَ مِبْرَاةٌ.	تِلْکَ مِلْعَقَةٌ.
هٰذِهِ أَرِیْکَةٌ .	وَتِلْکَ مِخَدَّةٌ .
هٰذِهِ مِکْنَسَةٌ .	وَتِلْکَ غُرْفَةٌ.

هٰذِه نَظَّارَةٌ وَمَا تِلْکَ ؟	تِلْکَ مِحْفَظَةٌ .
مَا تِلْکَ؟ تِلْکَ مَاعِزٌ .	مَنْ تِلْکَ ؟ تِلْکَ اِمْرَأَةٌ .
أَ تِلْکَ مِمْحَاةٌ؟ لَا ، تِلْکَ مِسْطَرَةٌ .	أَ تِلْکَ شَاشَةٌ لَا ، بَلْ تِلْکَ سَبُّورَةٌ .
هٰذِه أَرِيكَةٌ وَ تِلْکَ مِخَدَّةٌ . وَمَا هٰذِه ؟ هٰذِه زَهْرِيَّةٌ .	هٰذِه كُرَّاسَةٌ . أَ تِلْکَ مِبْرَاةٌ ؟ لَا ، تِلْکَ مِمْحَاةٌ .

تنبیہ: اسم اشارہ کے بعد اگر کسی لفظ پر الف لام داخل ہو تو جملہ کو مکمل کرنے کیلئے جو لفظ اسکے بعد لایا جائے گا اس کی الف لام والے لفظ کے ساتھ مذکر و مؤنث ہونے میں برابری ضروری ہے۔ جیسے: **ذٰلِکَ الْبَيْتُ جَمِيلٌ** ، اور **تِلْکَ الْغُرْفَةُ جَمِيلَةٌ.**

مؤنث کی علامت: مؤنث کی ایک علامت یہ ہے کہ اسکے آخر میں گول **تاء** ہو۔

تِلْکَ السَّيَّارَةُ قَدِيمَةٌ .	تِلْکَ الدَّرَّاجَةُ جَدِيدَةٌ .
تِلْکَ الْمِسْطَرَةُ مَكْسُورَةٌ .	تِلْکَ الْمِبْرَاةُ سَالِمَةٌ

هٰذِه الثَّلَّاجَةُ غَالِيَةٌ.	وَتِلْكَ رَخِيصَةٌ.
هٰذِه السَّيَّارَةُ سَرِيْعَةٌ.	وَتِلْكَ بَطِيْئَةٌ.
هٰذِه الْعَجَلَةُ كَبِيْرَةٌ.	وَتِلْكَ صَغِيْرَةٌ.
هٰذِه الْقَارُوْرَةُ مَمْلُوْءَةٌ.	وَتِلْكَ خَالِيَةٌ.
أَ تِلْكَ الْقَلَنْسُوَةُ وَسِخَةٌ؟ لَا، تِلْكَ نَظِيْفَةٌ.	أَ تِلْكَ الشَّجَرَةُ كَبِيْرَةٌ؟ نَعَمْ! تِلْكَ الشَّجَرَةُ كَبِيْرَةٌ.
أَهٰذِه السَّاعَةُ غَالِيَةٌ؟ أَمْ تِلْكَ غَالِيَةٌ؟ تِلْكَ غَالِيَةٌ.	أَ تِلْكَ الْغُرْفَةُ نَظِيْفَةٌ؟ لَا، تِلْكَ وَسِخَةٌ.

تمرین (۱۹)

عربی میں ترجمہ کریں!

یہ شاپنر ہے اور وہ ربڑ ہے۔	یہ ٹوپی ہے اور وہ چشمہ ہے۔	یہ بکری ہے اور وہ گائے ہے۔
یہ استانی ہے اور وہ طالبہ ہے۔	یہ بوتل ٹوٹی ہوئی ہے۔	یہ ٹوپی میلی ہے۔
کیا وہ چشمہ سستا ہے؟	جی ہاں! وہ چشمہ سستا ہے۔	

کیا وہ پنکھا پرانا ہے؟	نہیں، وہ پنکھا نیا ہے۔
یہ کاپی ہے اور وہ پیمانہ ہے ، یہ کیا ہے؟ یہ دوات ہے۔	یہ درخت ہے اور وہ گلدان ہے۔

تمرین (۲۰)

اردو میں ترجمہ کریں!

هٰذِهِ الْمِرْوَحَةُ سَرِيْعَةٌ .	تِلْکَ الْمِکْنَسَةُ جَدِيْدَةٌ .	هٰذِهِ الْمِبْرَاةُ غَالِيَةٌ.
هٰذِهِ الْعَجَلَةُ سَمِيْکَةٌ .	تِلْکَ الْمُعَلِّمَةُ جَدِيْدَةٌ .	هٰذِهِ الْمِخَدَّةُ وَسِخَةٌ.
هٰذِهِ السَّيَّارَةُ بَطِيْئَةٌ.	هٰذِهِ السَّبُّوْرَةُ مَکْسُوْرَةٌ.	تِلْکَ الْکُرَّاسَةُ رَخِيْصَةٌ.
أَتِلْکَ الْغُرْفَةُ نَظِيْفَةٌ ؟ نَعَمْ ! تِلْکَ الْغُرْفَةُ نَظِيْفَةٌ .		
أَتِلْکَ الْغَسَّالَةُ جَدِيْدَةٌ ؟ لَا، تِلْکَ الْغَسَّالَةُ قَدِيْمَةٌ .		

تمرین (۲۱)

مندرجہ ذیل جملوں میں سے غلط جملوں کو درست کریں!

ذٰلِکَ الْمِلْعَقَةُ وَسِخَةٌ.	تِلْکَ الْأَرِيْکَةُ نَظِيْفَةٌ.	ذٰلِکَ الْمِحْفَظَةُ جَمِيْلَةٌ .
هٰذِهِ مِسْطَرَةٌ الْمَکْسُوْرَةُ .	تِلْکَ الشَّاشَةُ صَغِيْرَةٌ.	هٰذَاقَارُوْرَةٌ الخَالِيَةُ.
مَنْ ذٰلِکَ الْبِنْتُ ؟ تِلْکَ طَالِبٌ .		
أَهٰذَا هِرَّةٌ ؟ لَا ، ذٰلِکَ دَجَاجَةٌ .		

تمرین (۲۲)

مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھیں اور ترجمہ کریں

هٰذاالرجل سائق و ذلک الرجل حارس. هذه الغرفة کبیرة و تلک الغرفة صغیرة. أ ذلک الصحن نظیف ؟ لا ، ذلک وسخ. أ تلک الدراجة جدیدة ؟ لا، تلک قدیمة. هذا قط وتلک هرة. مریم طالبة مجتهدة.

تمرین (۲۳)

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیجئے

(۱)	تِلْکَ سے کس چیز کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے؟
(۲)	هٰذِهِ السَّاعَةُ یہ جملہ مکمل ہے یا نہیں، مکمل نہ ہونے کی صورت میں وجہ بیان کریں۔
(۳)	مؤنث کی علامت کیا ہے؟

الدَّرْسُ السَّابِعُ (٧)

اَلْمَاءُ بَارِدٌ. (پانی ٹھنڈا ہے)

بغیر اسم اشارہ کے جملہ بنانے کا طریقہ:

کسی بھی جملہ کو بنانے کے لئے کم از کم دولفظوں کا ہونا ضروری ہے پھر اگر دونوں میں سے پہلا لفظ الف لام کیساتھ ہو یا کسی کا نام ہو اور دوسرا لفظ بغیر الف لام کے ہو تو جملہ مکمل ہوگا، جیسے: اَلْمَاءُ بَارِدٌ. (پانی ٹھنڈا ہے) سَلِيْمٌ جَالِسٌ. (سلیم بیٹھا ہوا ہے)

فائدہ: اگر پہلا لفظ مذکر ہے تو دوسرا بھی مذکر ہوگا، جیسے: اَلْمُدَرِّسُ جَالِسٌ. (استاذ بیٹھے ہوئے ہیں) اگر پہلا مؤنث ہے تو دوسرا بھی مؤنث ہوگا، جیسے: اَلنَّظَّارَةُ مَكْسُوْرَةٌ. (چشمہ ٹوٹا ہوا ہے)

اَلطَّعَامُ لَذِيْذٌ.	اَلْعُصْفُوْرُ طَائِرٌ.
اَلْحَافِلَةُ وَاقِفَةٌ.	الشَّارِعُ وَاسِعٌ.
سَلْمٰى مُمَرِّضَةٌ.	وَحَامِدٌ طَبِيْبٌ.
اَلزُّجَاجُ مَكْسُوْرٌ.	مَحَطَّةُ الْبِنْزِيْنِ مَفْتُوْحَةٌ.
اَلْمُدَرِّسُ وَاقِفٌ.	وَ الطَّالِبُ جَالِسٌ.
عَابِدٌ نَائِمٌ.	وَ الْجَوُّ بَارِدٌ.

اَلسِّتَارُ جَمِيْلٌ.	اَلْمَدْرَسَةُ جَمِيْلَةٌ.
اَلسَّبُّوْرَةُ مُعَلَّقَةٌ.	اَلْكُرَّاسَةُ غَالِيَةٌ.
اَلشَّاحِنُ عَاطِلٌ.	الشَّاىُ سَاخِنٌ.
اَلْقَمِيْصُ نَظِيْفٌ.	وَالْغُرْفَةُ وَسِخَةٌ.
اَلْحَلِيْبُ حَارٌّ.	وَالْعَصِيْرُ بَارِدٌ.
اَلْبَيْتُ قَرِيْبٌ.	وَالْمَسْجِدُ بَعِيْدٌ.
اَلْحِمَارُ صَغِيْرٌ.	وَالْحِصَانُ كَبِيْرٌ.
اَلْحَجَرُ ثَقِيْلٌ.	وَالْوَرَقُ خَفِيْفٌ.
اَلْقِطَارُ سَرِيْعٌ.	وَالسَّيَّارَةُ بَطِيْئَةٌ.
اَلرَّجُلُ جَالِسٌ.	وَالْمَرْأَةُ وَاقِفَةٌ.
اَلْحَافِلَةُ كَبِيْرَةٌ.	وَالدَّرَّاجَةُ صَغِيْرَةٌ.

اَلْبَيْتُ مُقْفَلٌ.	وَالْمَسْجِدُ مَفْتُوْحٌ.
اَلْفَصْلُ وَاسِعٌ.	وَالْغُرْفَةُ ضَيِّقَةٌ.

نوٹ: اگرانہی جملوں کو سوالیہ جملے بنانے ہوں تو شروع میں لفظ **هَلْ** کا اضافہ کردیں جیسے: **هَلْ سَعِيْدٌ جَالِسٌ؟** (کیا سعید بیٹھا ہوا ہے؟) تو جواب ہوگا، **نَعَمْ ! سَعِيْدٌ جَالِسٌ.** (جی ہاں! سعید بیٹھا ہوا ہے)

نیز **هَلْ** کے بعد والے لفظ پر اگر الف لام ہو تو آگے ملانے کیلئے **هَلْ** کی لام کو کسرہ دیتے ہیں جیسے: **هَلِ الْمَاءُ بَارِدٌ؟**

هَلِ الطَّعَامُ لَذِيْذٌ؟ نَعَمْ! اَلطَّعَامُ لَذِيْذٌ.	هَلِ الْمَاءُ بَارِدٌ؟ لَا، اَلْمَاءُ حَارٌّ.
هَلِ الْبَابُ مَفْتُوْحٌ ؟ لَا، اَلْبَابُ مُقْفَلٌ.	هَلِ الطَّالِبُ جَالِسٌ؟ نَعَمْ !اَلطَّالِبُ جَالِسٌ.
هَلِ الْمُسْتَشْفٰى مَفْتُوْحٌ ؟ نَعَمْ ! اَلْمُسْتَشْفٰى مَفْتُوْحٌ .	هَلِ الْجَوُّ حَارٌّ؟ نَعَمْ !اَلْجَوُّ حَارٌّ.
هَلِ الزُّجَاجُ مَكْسُوْرٌ؟ نَعَمْ! اَلزُّجَاجُ مَكْسُوْرٌ.	هَلِ الطَّبِيْبُ حَاضِرٌ؟ نَعَمْ ! اَلطَّبِيْبُ حَاضِرٌ.

تمرین (۲۴)

عربی میں ترجمہ کریں!

خالد سویا ہوا ہے۔	چائے ٹھنڈی ہے۔	کلاس صاف ستھری ہے۔
دروازہ بند ہے۔	سائیکل کھڑی ہے۔	طالب علم محنتی ہے۔
چشمہ ٹوٹا ہوا ہے۔	گھڑی خراب ہے۔	پنکھا تیز ہے۔
چڑیا ایک پرندہ ہے۔	موسم ٹھنڈا ہے۔	گائے خوبصورت ہے۔
کیا پٹرول پمپ بند ہے؟	نہیں، بلکہ پٹرول پمپ کھلا ہوا ہے۔	
کیا مہتمم صاحب بیٹھے ہوئے ہیں؟	جی ہاں! مہتمم صاحب بیٹھے ہوئے ہیں۔	

تمرین (۲۵)

مندرجہ ذیل خالی جگہیں مناسب الفاظ سے پر کریں!

السَّيَّارَةُ	اَلْأَرِيكَةُ	...... خَفِيفٌ.
.... ثَقِيلٌ.	اَلْمِلْعَقَةُ	.... نَائِمٌ.
اَلشَّاحِنُ	اَلزُّجَاجُ	...... بَارِدٌ.
اَلْمِنْدِيلُ ...... وَ الْقَمِيصُ	هَلِ ..... جَدِيدَةٌ ؟ لَا ... . قَدِيمَةٌ.	
...... عَاطِلٌ وَ ...... سَالِمَةٌ.	هَلِ ..... بَطِيءٌ ؟ لَا .... الْقِطَارُ	

تمرین (۲۶)

حصہ (الف) کے الفاظ کے مناسب الفاظ حصہ (ب) میں سے تلاش کریں اور ترجمہ کریں

الف	ب
اَلطَّالِبُ	مُغْلَقٌ
اَلْغُرْفَةُ	عَاطِلٌ
اَلْحَجَرُ	سَرِيْعٌ
اَلْمَكْتَبُ	جَالِسٌ
اَلْحِصَانُ	نَظِيْفَةٌ
اَلْبَابُ	ثَقِيْلٌ
اَلشَّاحِنُ	مَكْسُوْرٌ

تمرین (۲۷)

مندرجہ ذیل خالی جگہوں کو قوسین میں دیئے گئے مناسب الفاظ سے پر کریں

هَلِ الْمِرْوَحَةُ .... ؟	(نَائِمَةٌ ، وَاقِفَةٌ ، عَاطِلَةٌ)
هَلِ الشَّارِعُ وَاسِعٌ أَمْ ....؟	(جَمِيْلٌ ، كَبِيْرٌ ، ضَيِّقٌ)
هَلِ الْعَصِيْرُ بَارِدٌ أَمْ .... ؟	(ثَقِيْلٌ ، نَظِيْفٌ ، سَاخِنٌ)
هَلِ الْقَمِيْصُ نَظِيْفٌ أَمْ .... ؟	(خَفِيْفٌ ، سَرِيْعٌ ، وَسِخٌ)

تمرین (۲۸)

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیجئے

(۱) جملہ کم از کم کتنے لفظوں سے بنتا ہے؟
(۲) مَاءٌ بَارِدٌ اس جملہ کے نامکمل ہونے کی وجہ بیان کریں۔
(۳) لفظ هَلْ سے جملہ میں کیا تبدیلی آتی ہے؟

اَلدَّرْسُ الثَّامِنُ(۸)

اَلطَّالِبُ فِي الْفَصْلِ. (طالب علم کلاس میں ہے)

حروف جارہ: عربی زبان میں کچھ حروف ایسے ہیں جو جملہ میں استعمال ہوتے ہیں اور اپنے بعد والے لفظ کو زیر دیتے ہیں اور ان کو حروف جارہ کہتے ہیں ان کی تعداد کل سترہ ہے جن میں سے یہاں چند کا تذکرہ کیا جاتا ہے۔

۱: فِي(میں، اندر)۲: عَلٰی (پر، اوپر)۳: مِنْ، عَنْ(سے، کا، کے، کی) جیسے: اَلطَّالِبُ فِي الْفَصْلِ. (طالب علم کلاس میں ہے) اَلْكِتَابُ عَلَى الْمَكْتَبِ. (کتاب ڈسک پر ہے) اَلْوَلَدُ مِنَ الْهِنْدِ. (لڑکا ہندستان کا ہے)

اَلْقِدْرُ عَلَى الْمَوْقِدِ.	اَلْوَلَدُ فِي الطَّابُوْرِ.
اَلسَّيَّارَةُ فِي الْمِرْآبِ.	اَلْفِرَاشُ عَلَى السَّرِيْرِ.
اَلْمِلْعَقَةُ فِي الْقِدْرِ.	اَلْكَأْسُ عَلَى الرَّفِّ.
اَلدُّوْلَابُ مِنَ الْحَدِيْدِ.	اَلْكُرْسِيُّ مِنَ الْخَشَبِ.
اَلْأُمُّ فِي الْمَطْبَخِ.	خَالِدٌ فِي الْمَدْرَسَةِ.
اَلشَّايُ بِالْحَلِيْبِ.	اَلْمَرِيْضُ عَلَى الْفِرَاشِ.
اَلْقَلَمُ فِي الْجَيْبِ.	اَلْحَلِيْبُ فِي الْكُوْبِ.

اَلْعَصِيْرُ فِى الدَّوْرَقِ.

اَلْكَأْسُ مِنَ الزُّجَاجِ.

اَلْعُصْفُوْرُ عَلٰى الشَّجَرَةِ.

الشَّايُ فِى الْفِنْجَانِ.

خَالِدٌ مِنَ الْهِنْدِ.

اَلطَّالِبُ فِى الْمَلْعَبِ.

اَلْوَلَدُ عَلٰى الْحِصَانِ.

عَمَّارٌ فِى السُّوْقِ.

اَلوَلَدُ فِى الْبَابِ.

اَلسَّبُّوْرَةُ فِى الْفَصْلِ.

سَعِيْدٌ فِى الْبَيْتِ .

وَيَاسِرٌ فِى الْمَسْجِدِ.

اَلْبَطَّارِيَّةُ فِى الْجَوَّالِ .

وَالشَّاحِنُ فِى الْفَصْلِ.

اَلسَّائِقُ جَالِسٌ فِى السَّيَّارَةِ.

اَلْمُدِيْرُ جَالِسٌ عَلٰى الْكُرْسِيِّ.

هَلِ الْمُدَرِّسُ فِى الْفَصْلِ؟

نَعَمْ! الْمُدَرِّسُ فِى الْفَصْلِ

هَلِ الْحَارِسُ عَلٰى الْبَابِ؟

نَعَمْ!الْحَارِسُ عَلٰى الْبَابِ.

هَلِ السَّيَّارَةُ فِى الشَّارِعِ؟

لَا ، السَّيَّارَةُ فِى الْمِرْآبِ.

هَلِ الْمَرِيْضُ فِى الْمُسْتَشْفٰى؟

لَا ، الْمَرِيْضُ فِى الْبَيْتِ.

نوٹ: اگر حروف جارہ کے بعد والے لفظ پر الف لام نہ ہو اور کسی کا نام بھی نہ ہو تو اس صورت میں اسکے ترجمہ میں (کوئی، ایک، کسی) کا اضافہ کیا جائے گا، جیسے: **اَلْوَلَدُ فِیْ مَسْجِدٍ** (لڑکا کسی مسجد میں ہے)

حَامِدٌ فِیْ مَصْنَعٍ.	اَلْکِتَابُ عَلٰی مَکْتَبٍ.
اَلْمَاءُ فِیْ سَطْلٍ.	یَاسِرٌ فِیْ مَلْعَبٍ.
عَابِدٌ مِنْ قَرْیَةٍ.	اَلْمِلَفُّ فِیْ دُرْجٍ.

تمرین (۲۹)

عربی میں ترجمہ کریں!

پین بیگ میں ہے۔	ٹوپی الماری میں ہے۔	چابی جیب میں ہے۔
بستر چھت پر ہے۔	شاپر ڈسک پر ہے۔	بیمار ہسپتال میں ہے۔
موبائل گھر میں ہے۔	دودھ ہانڈی میں ہے۔	خالد کسی فیکٹری میں ہے۔
یاسر لاہور کا رہنے والا ہے۔	سعید کمرہ میں سویا ہوا ہے۔	کوٹ کسی الماری میں ہے۔
الماری لوہے کی ہے اور جگ شیشے کا ہے۔	کیا دوات بستہ میں ہے؟ نہیں بلکہ دوات ڈسک پر ہے۔	
حامد کسی گاؤں کا ہے۔		

تمرین (۳۰)

مندرجہ ذیل خالی جگہیں مناسب حروف سے پُر کریں!

اَلْأُمُّ .... الْمَطْبَخِ.	اَلْبَطَّارِیَّةُ فِی ......

اَلْمُمَرِّضَةُ .... الْمُسْتَشْفٰى.	اَلرَّجُلُ .... الْحِصَانِ.
اَلْكُرَّاسَةُ ..... الْمَكْتَبِ.	اَلْكُرْسِيُّ .... الْخَشَبِ.
هَلِ الطَّالِبُ وَاقِفٌ ...... الطَّابُوْرِ ؟	لَا ،بَلِ الطَّالِبُ جَالِسٌ .... الْكُرْسِيِّ .

تمرین (۳۱)

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیجئے

(۱) حروف جارہ کل کتنے ہیں؟
(۲) حروف جارہ اپنے بعد والے لفظ کو کیا دیتے ہیں؟
(۳) اَلْكِتَابُ عَلَى الْمَكْتَبِ اور اَلْكِتَابُ عَلٰى مَكْتَبٍ میں فرق بیان کریں۔

اَلدَّرْسُ التَّاسِعُ (٩)

اِسْمُ الطَّالِبِ خَالِدٌ. (طالب علم کا نام خالد ہے)

مضاف اور مضاف الیہ: عربی زبان میں اگر ایک لفظ کو دوسرے لفظ کی طرف منسوب کیا جائے تو پہلے کو مضاف اور دوسرے کو مضاف الیہ کہتے ہیں، جیسے **اِسْمُ الطَّالِبِ** (طالب علم کا نام) مذکورہ مثال میں **اِسْمُ** منسوب ہے **الطَّالِبِ** کی طرف تو **اسمُ** مضاف اور **الطالبِ** مضاف الیہ ہوا۔

تنبیہ: عربی زبان میں پہلے مضاف پھر مضاف الیہ آتا ہے لیکن اردو میں پہلے مضاف الیہ اور پھر مضاف کا ترجمہ ہوتا ہے جیسے **کتابُ خالدٍ** (خالد کی کتاب)۔

قاعدہ: مضاف پر کبھی بھی الف لام اور دوزبر دوزیر دوپیش نہیں آتے اور مضاف الیہ پر ہمیشہ زیر آتی ہے۔

قاعدہ: مضاف اور مضاف الیہ مل کر بھی پورا جملہ نہیں بنتا بلکہ جملہ کو مکمل کرنے کیلئے ان کے بعد کسی کا نام یا بغیر الف لام کے ایک اور لفظ کا اضافہ ضروری ہے، جیسے **اِسْمُ الطَّالِبِ خَالِدٌ.** (طالب علم کا نام خالد ہے) **جَوَّالُ خالدٍ جَدِيْدٌ.** (خالد کا موبائل نیا ہے)۔

فائدہ: مضاف مضاف الیہ کے ترجمہ میں عام طور سے (کا، کے، کی) (را، رے، ری) کا ترجمہ آتا ہے، جیسے: خالد کا قلم، عامر کی گھڑی، اسلام کے دشمن، میرا گھر، تمہاری گاڑی، میرے والد۔

حَقِيبَةُ يَاسِرٍ جَدِيدَةٌ.	بَابُ الْمَكْتَبِ مُقْفَلٌ
بَابُ الْغُرْفَةِ مَفْتُوحٌ.	مِصْبَاحُ الْغُرْفَةِ مُنَوَّرٌ.
زِيُّ الْوَلَدِ نَظِيفٌ.	مُدِيرُ الْمَدْرَسَةِ حَاضِرٌ.
سُوقُ الْمَدِينَةِ صَغِيرَةٌ.	مَاءُ الْبَحْرِ مَالِحٌ.
هٰذِهِ جَرِيدَةُ الْيَوْمِ.	سَاعَةُ الْمُدَرِّسِ غَالِيَةٌ.
عَابِدٌ أَخُ حَامِدٍ.	أُمُّ سَعِيدٍ فِي الْمَطْبَخِ.
هٰذَا زِيُّ الْمَدْرَسَةِ.	ذٰلِكَ طَالِبُ الْكُلِّيَّةِ.
تِلْكَ حَافِلَةُ الْجَامِعَةِ.	مُؤَذِّنُ الْمَسْجِدِ جَدِيدٌ.
دَرْسُ الْيَوْمِ سَهْلٌ.	بَطَّارِيَّةُ الْجَوَّالِ مَشْحُونَةٌ.
كُرَّاسَةُ حَامِدٍ عَلَى الْمَكْتَبِ.	أَخُ حَامِدٍ فِي بَابِ الْبَيْتِ.

مَنْ إِمَامُ الْمَسْجِدِ ؟ حَامِدٌ إِمَامُ الْمَسْجِدِ.	هَلْ شُبَّاكُ الْغُرْفَةِ مَفْتُوحٌ؟ لَا، شُبَّاكُ الْغُرْفَةِ مُغْلَقٌ.
أَ نَظَّارَةُ يَاسِرٍ مَكْسُورَةٌ؟ نَعَمْ !نَظَّارَةُ يَاسِرٍ مَكْسُورَةٌ.	 هَلْ سَعِيدٌ أَخُ عَامِرٍ؟ لَا، سَعِيدٌ أَخُ يَاسِرٍ.
أَ مِرْوَحَةُ الْفَصْلِ عَاطِلَةٌ؟ لَا،بَلْ مِرْوَحَةُ الْفَصْلِ سَالِمَةٌ.	 أَ قَلَمُ عَامِرٍ مَكْسُورٌ؟ نَعَمْ !قَلَمُ عَامِرٍ مَكْسُورٌ.

تمرین (۳۲)

عربی میں ترجمہ کریں!

کھڑکی کا شیشہ ٹوٹا ہوا ہے۔	یہ خالد کے جوتے ہیں۔	یاسر کے والد مسجد میں ہیں۔
کلاس کے دروازہ کو تالا لگا ہوا ہے۔	یونیورسٹی کی بس کھڑی ہے۔	وہ گاڑی کا ڈرائیور ہے۔
شہر کا بازار بڑا ہے۔	حامد کی ٹوپی میلی ہے۔	کارخانے کا چوکیدار غائب ہے۔
طالب علم کا یونیفارم میلا ہے۔	حامد کے والد سوئے ہوئے ہیں۔	پٹرول پمپ بند ہے۔
اسکول کا چوکیدار غائب ہے۔	سعید کی ٹوپی خوبصورت ہے۔	کلاس کی لائٹ خراب ہے۔

تمرین (۳۳)

مندرجہ ذیل خالی جگہیں مناسب الفاظ سے پر کریں!

..... الْمَكْتَبِ مُقْفَلٌ.	مَاءُ ....مَالِحٌ.	سَيَّارَةُ خَالِدٍ ......

بَطَّارِيَّةُ الْجَوَّالِ	..... الْحَيِّ.........	نَظَّارَةُ ....

حَقِيبَةُ ....فِي	.......حَامِدٍ ... مَكْتَبِ ....
هَلْ أَخُ .... مُهَنْدِسٌ ؟	لَا بَلْ ...... عَامِرٍ ....
أَ سَاعَةُ .... غَالِيَةٌ ؟	نَعَمْ ! .... الْمُدَرِّسِ ....

تمرین (۳۴)

مندرجہ ذیل جملوں میں سے غلط جملوں کو درست کریں!

اَلْعَجلَةُ السَّيَّارَةِ سَمِيكَةٌ .	بَابُ الْكُلِّيَّةِ مُقفَّلَةٌ.
دَرَّاجَةُ خَالِدٍ رَخِيصٌ.	قَمِيصُ الطِّفْلِ وَسِخٌ.
شَاشَةُ الْجَوَّالُ مَكْسُوْرٌ.	سَاعَةُ سَعِيْدٍ عَاطِلَةٌ.
كِتَابُ خَالِدٍعَلٰى الْمَكْتَبِ الْمُدَرِّسِ.	قُفْلُ الْبَابِ مَكْسُوْرَةٌ.

ذٰلِکَ حَافِلَةُ الْجَامِعَةِ.	هٰذِه كُرسِيُّ الْحَارِسِ.	ذٰلِکَ وَلَدُ الطَّبِيْبِ.

تمرین (۳۵)

مندرجہ ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں!

طَالِبُ الْجَامِعَةِ	مِنْدِيْلُ حَامِدٍ	أَخُ عَامِرٍ	زِیُّ الْوَلَدِ	شُبَّاکُ الْفَصْلِ

تمرین (۳۶)

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیجئے!

(۱) مضاف اور مضاف الیہ کی تعریف کریں؟

(۲) مضاف اور مضاف الیہ کے بعد کسی اور لفظ کا اضافہ کیوں کیا جاتا ہے؟
(۳) مضاف اور مضاف الیہ کے ترجمہ کرنے میں کیا ترتیب ہے؟
(۴) مضاف پر کن چیزوں کا آنا ممنوع ہے؟

اَلدَّرْسُ الْعَاشِرُ (١٠)

هُوَ مُهَنْدِسٌ. (وہ ایک انجینئر ہے)

ضمیر کی تعریف: ضمیر وہ لفظ ہے جو متکلم (بات کرنیوالا) یا مخاطب (جس سے بات ہورہی ہے) یا غائب (جس کے بارے میں بات ہورہی ہے) کے نام کی جگہ بولا جائے۔ اسکی دو قسمیں ہیں: (١) تنہا استعمال ہونے والی (٢) لفظ کے ساتھ جڑ کر استعمال ہونے والی۔

تنہا استعمال ہونے والی ضمیر: متکلم کے لئے خواہ وہ مذکر ہو یا مؤنث جیسے: أَنَا (میں) مخاطب مذکر کے لئے أَنْتَ (تم) مخاطب مؤنث کے لئے أَنْتِ (تم ایک عورت) غائب مذکر کے لئے هُوَ (وہ ایک مرد) غائب مؤنث کے لئے هِيَ (وہ ایک عورت)۔

تنبیہ: ضمیر کے بعد جملہ کو مکمل کرنے کے لئے یا تو کسی کا نام یا بغیر الف لام کے لفظ کا ذکر کریں گے، جیسے: هُوَ عَامِرٌ. (وہ عامر ہے) أَنَا طَالِبٌ. (میں طالب علم ہوں) أَنْتَ مُجْتَهِدٌ. (تم محنتی ہو) هِيَ جَالِسَةٌ. (وہ بیٹھی ہوئی ہے)

هُوَ نَائِمٌ.	هِيَ مُمَرِّضَةٌ.	أَنَا طَالِبٌ.
أَنْتَ تَاجِرٌ.	أَنْتِ وَاقِفَةٌ.	هُوَ تُفَّاحٌ.
هِيَ مِظَلَّةٌ.	أَنَا مُعَلِّمَةٌ.	هِيَ سَلَّةٌ.
مَنْ هُوَ؟ هُوَ أَخِيْ.		مَنْ أَنْتَ؟ أَنَا مُسْلِمٌ.

أَ أَنْتَ طَيَّارٌ؟ نَعَمْ ! أَنَاطَيَّارٌ .	أَ أَنْتِ مُعَلِّمَةٌ؟ لَا ، أَنَا مُمَرِّضَةٌ .
مَنْ هٰذَا ؟ هُوَ غَسَّالٌ .	وَمَا هٰذِهِ؟ هِيَ آلَةٌ حَاسِبَةٌ .
أَ أَنْتَ خَيَّاطٌ؟ نَعَمْ ! أَنَا خَيَّاطٌ .	أَهٰذِهِ بَقَرَةٌ؟ لَا ، هِيَ مَاعِزٌ .
أَ هُوَ وَاقِفٌ؟ لَا ، هُوَ جَالِسٌ .	هَلِ الْبَابُ مُقَفَّلٌ؟ نَعَمْ! هُوَ مُقَفَّلٌ .

لفظ کے ساتھ جڑ کر استعمال ہونے والی ضمیریں! ہٗ-ہٖ-ھَا-کَ-کِ-یْ-نَا جیسے: کِتَابُہٗ (اسکی کتاب-مذکر کیلئے) مِنْ بَیْتِہٖ (اس کے گھر سے) کِتَابُھَا (اسکی کتاب-مؤنث کیلئے) کِتَابُکَ (تمہاری کتاب-مذکر کے لئے) کِتَابُکِ (تمہاری کتاب-مؤنث کیلئے) کِتَابِیْ (میری کتاب-مذکر ومؤنث دونوں کیلئے) کِتَابُنَا (ہماری کتاب-جمع مذکر ومؤنث دونوں کیلئے)

تنبیہ: جب کوئی لفظ کسی ضمیر کے ساتھ جڑ کر استعمال ہوتو اس لفظ پر الف لام نہیں آتا جیسے: قَلَمُکَ

غُرْفَتُهٗ .	سَاعَتِيْ	أَخُوكَ

مِنْشَفَتُكَ .

سَيَّارَتُنَا .

سِوَارُهَا .

مَدْرَسَتُكِ .

مِسْطَرَتُهُ .

مِمْحَاتُكَ .

مِفْتَاحُ السَّيَّارَةِ فِي جَيْبِي .

بَطَّانِيَّتُكَ جَمِيْلَةٌ .

مِرْوَحَةُ صَفِّنَا عَاطِلَةٌ .

نَظَّارَةُ أَخِيكَ جَمِيْلَةٌ .

خِمَارُهَا جَمِيْلٌ .

ضَيْفُهُ جَالِسٌ فِي الْغُرْفَةِ .

مِحْبَرَتُهَا عَلَى الْمَكْتَبِ .

حَلِيبُكِ فِي الْكَأْسِ .

قَلَنْسُوَتُكَ نَظِيفَةٌ .

سَيَّارَتُنَا فِي الْمِرْآبِ .

أَكِتَابُكَ عَلَى الْمَكْتَبِ ؟

نَعَمْ ! كِتَابِي عَلَى الْمَكْتَبِ .

أَهٰذِهِ مِخَدَّتُهُ؟

لَا ، هِيَ مِخَدَّتِي .

أَهٰذِهِ مِبْرَاتُكِ؟

نَعَمْ ! هِيَ مِبْرَاتِي .

أَذٰلِكَ صَدِيقُكَ ؟

لَا ، هُوَ أَخِي .

أَ وَالِدُهَا طَبِيبٌ؟
لَا، بَلْ وَالِدُهَا مُهَنْدِسٌ.

أَ بَيْتُكَ فِي الْمَدِينَةِ؟
نَعَمْ! بَيْتِي فِي الْمَدِينَةِ.

أَ قَلَمُهَا غَالٍ؟
نَعَمْ! هُوَ غَالٍ.

أَ أُمُّكِ فِي الْمَطْبَخِ؟
نَعَمْ! هِيَ فِي الْمَطْبَخِ.

أَ وَالِدُكَ فِي الْبَيْتِ؟
لَا، هُوَ فِي الْمُسْتَشْفَى.

أَ قَرْيَتُكَ جَمِيلَةٌ؟
نَعَمْ! هِيَ جَمِيلَةٌ.

تمرین (۳۷)

عربی میں ترجمہ کریں!

یہ اس (لڑکی) کا بیگ ہے.	وہ اس (لڑکے) کا دوست ہے.
یہ میرا مہمان ہے.	وہ تمہارا دوپٹہ ہے.
اس (لڑکے) کا گھر نزدیک ہے.	وہ میرا ڈسک ہے.
یہ تمہارے (لڑکی) اسکول کا چوکیدار ہے.	تمہارے (لڑکا) والد میرے دوست ہیں.
تمہارے (لڑکا) والد مسجد میں ہیں.	اسکے (لڑکی) کمرے کی لائٹ خراب ہے.
تمہارا (لڑکی) بھائی بیمار ہے.	اسکی (لڑکا) والدہ نرس ہے.
کیا میرے مہمان کلاس میں بیٹھے ہوئے ہیں؟	نہیں، وہ کمرہ میں بیٹھے ہوئے ہیں۔
کیا تمہارے (لڑکا) والد گھر میں بیٹھے ہوئے ہیں؟	جی ہاں! وہ گھر میں بیٹھے ہوئے ہیں۔

تمرین (۳۸)

اردو میں ترجمہ کریں!

أَخُوكَ صَدِيقِي.	وَالِدِي إِمَامُ الْمَسْجِدِ.	هُوَ جَالِسٌ فِي غُرْفَتِهِ.
مَكْتَبُهُ مَكْسُورٌ.	مِنْشَفَتُكَ فِي غُرْفَتِنَا.	قَرْيَتُهُ قَرِيبَةٌ مِنْ قَرْيَتِنَا.
أَخُوهُ سَائِقُ الْحَافِلَةِ.	سَيَّارَةُ أَخِيهِ فِي الْمِرْآبِ.	مِبْرَاتِي فِي حَقِيبَتِهِ.
شَاحِنُ جَوَّالِكَ عَاطِلٌ.	قَلَنْسُوَةُ أَخِيكَ وَسِخَةٌ.	أَخُوهُ غَائِبٌ عَنِ الْمَدْرَسَةِ.
أَمُكَيِّفُ غُرْفَتِكَ عَاطِلٌ؟	لَا، بَلْ هُوَ سَالِمٌ.	

تمرین (۳۹)

مندرجہ ذیل خالی جگہیں مناسب الفاظ سے پر کریں!

أُمُّهَا .... فِي الْمُسْتَشْفَى.	..... غُرْفَتِنَا مُقْفَلٌ.	بَطَّارِيَّةُ ...كَ مَشْحُونَةٌ.
زِيُّ .... هِ جَمِيلٌ.	مِصْبَاحُ غُرْفَتِهَا	مَدْرَسَتُهُ قَرِيبَةٌ ... مَدْرَسَتِنَا
دَرَّاجَةُ ..... كَ جَمِيلَةٌ.	وَالِدُ .... فِي الْمَسْجِدِ.	بَيْتِي .... مِنْ بَيْتِهِ.
أَسَيَّارَةُ ..... كَ فِي الْمِرْآبِ؟	نَعَمْ! ..... أَبِي .... الْمِرْآبِ.	

تمرین (۴۰)

مندرجہ ذیل جملوں میں غلط جملوں کو درست کریں

هَلْ حَاسُوبُ أَخِيهِ عَاطِلَةٌ؟	لَا، بَلْ هِيَ سَالِمَةٌ.

أَ مِسْطَرَتِیْ عَلٰی الْحَقِیْبَتِکَ ؟	لَا ،بَلْ هُوَ عَلٰی الْحَقِیْبَةِ عَامِرٍ .
أَ سَجَّادَةُ فَصْلِکَ سَمِیْکٌ ؟	نَعَمْ ! سَجَّادَةُ فَصْلِیْ سَمِیْکَةٌ .
هَلْ مِفْتَاحُ الْغُرْفَتِهِ عَلٰی الْجَیْبِکَ ؟	لَا ، بَلْ مِفْتَاحُ غُرْفَتِهِ فِیْ جَیْبِکَ .
اَلسِّتَارُ الْغُرْفَتِهَا جَمِیْلٌ.	مِمْحَاتُکَ فِیْ حَقِیْبَةِ أَخِیْ.

تمرین (۴۱)

مندرجہ ذیل سوالوں کے جوابات دیجیے

(۱) ضمیر کی تعریف کریں !	(۲) ضمیر کی قسمیں بیان کریں !
(۳) لفظ کے ساتھ جڑ کر استعمال ہونے والی ضمیریں مع امثلہ بیان کریں !	

اَلدَّرسُ الحَادِی عَشَرَ (۱۱)

لِمَنْ ذٰلِکَ الْکِتَابُ؟ (وہ کتاب کس کی ہے؟)

نوٹ: عربی زبان میں اگر کسی چیز کے بارے میں سوال کرنا ہو کہ (کس کی ہے) تو اسکے لئے لِمَنْ استعمال ہوتا ہے جیسے: لِمَنْ هٰذَا الْکِتَابُ؟ (یہ کتاب کس کی ہے؟) تو جواب ہوگا هُوَ لِخَالِدٍ. (وہ خالد کی ہے) اسی طرح لِمَنْ ذٰلِکَ الْکِتَابُ؟ (وہ کتاب کس کی ہے؟) تو جواب ہوگا هُوَ لِیَاسِرٍ. (وہ یاسر کی ہے)

تنبیہ: لِ، یہ بھی حروف جارہ میں سے ہے، کسی لفظ پر داخل ہو کر اسکو زیر دیتا ہے اس کا معنی ہے (کیلئے) لیکن ترجمہ (کی) سے کریں گے جیسے: لِیَاسِرٍ (یاسر کی)

اگر یہ لِ، کسی ضمیر کیساتھ مل کر آجائے تو معنی کچھ اور ہوگا جیسے: لِیْ (میرا، میری) لَهٗ (اسکا) لَهَا (اس کی) لَکَ (تمہارا، تمہاری - مذکر کیلئے) لَکِ (تمہارا - تمہاری مؤنث کیلئے) لَنَا (ہمارا، ہماری)

لِمَنْ هٰذِہِ الْکُرَّاسَةُ؟ هِیَ لِصَدِیْقِیْ.	وَلِمَنْ هٰذَا الْجَوَّالُ؟ هُوَ لِأَخِیْ.
لِمَنْ هٰذَا الْحَاسُوْبُ؟ هُوَ لِعَمِّیْ.	لِمَنْ هٰذِہِ الْبَقَرَةُ؟ هِیَ لِیْ.
لِمَنْ تِلْکَ السَّیَّارَةُ؟ هِیَ لِخَالِیْ.	لِمَنْ ذٰلِکَ الْکُرْسِیُّ؟ هُوَ لِمُدَرِّسِنَا.

لِمَنْ هٰذِه الْبَطَّانِيَّةُ ؟

هِيَ لِصَدِيْقِيْ.

لِمَنْ هٰذِه الْمِظَلَّةُ؟

هِيَ لِأَخِيْ.

لِمَنْ هٰذِه كُرَةُ الْقَدَمِ؟

هِيَ لَنَا.

لِمَنْ ذٰلِكَ اللِّحَافُ؟

هُوَ لِأَخِ عَامِرٍ.

لِمَنْ هٰذَا الشُّمَاغُ؟

هُوَ لِطَالِبٍ.

لِمَنْ تِلْكَ الْكَنْزَةُ ؟

هِيَ لِيْ.

لِمَنْ هٰذِه السِّلْسِلَةُ ؟

أَ هِيَ لَكِ يَافَاطِمَةُ؟

نَعَمْ! هِيَ لِيْ.

لِمَنْ هٰذَاالْمِعْطَفُ ؟

أَ هُوَ لِسَعِيْدٍ؟

لا ،بَلْ هُوَ لِلْمُدَرِّسِ.

لِمَنْ تِلْكَ الدَّرَّاجَةُ الَّتِيْ فِي الشَّارِعِ؟

هِيَ لِابْنِ أَخِيْ.

لِمَنْ ذٰلِكَ الْإِبْنُ الَّذِيْ جَالِسٌ عَلٰى الْكُرْسِيِّ ؟

هُوَ ابْنُ الْمُدِيْرِ.

لِمَنْ هٰذَا الْقَلَمُ الَّذِیْ عَلَی الْمَكْتَبِ؟

هُوَ لِلْمُدَرِّسِ.

لِمَنْ ذٰلِکَ الْبَیْتُ الَّذِیْ أَمَامَ الْمَطَارِ؟

هُوَ لِعَمِّیْ.

أَ لَکَ أُخْتٌ یَاعمارُ؟	أَ لَکَ اِبْنٌ؟ یَاعَامِرُ!
نَعَمْ! لِیْ أُخْتٌ وَاحِدَةٌ. اِسْمُهَا کُلْثُومُ.	لَا، لَیْسَ لِیْ اِبْنٌ.
أَلَکَ أَخٌ؟ یَاسَعِیْدُ!	أَلَکَ صَدِیْقٌ؟
نَعَمْ! لِیْ أَخٌ وَاحِدٌ. اِسْمُهُ أُسَامَةُ.	نَعَمْ! لِیْ صَدِیْقٌ وَاحِدٌ.

تمرین (۴۲)

عربی میں ترجمہ کریں!

وہ گھڑی کس کی ہے؟	وہ میری ہے۔	وہ پنسل کس کی ہے؟
وہ آپ کی ہے۔	وہ گھر کس کا ہے؟	وہ میرے دوست کا ہے۔
وہ کمپیوٹر جو کمرہ میں ہے کس کا ہے؟	وہ میرا ہے۔	کیا تمہارے کوئی چچا ہیں؟
جی ہاں میرے ایک چچا ہیں۔	کیا تمہارے بھائی ہیں؟	میرا کوئی بھائی نہیں ہے۔
وہ دوات جو ڈسک پر ہے کس کی ہے؟	وہ کسی طالب علم کی ہے۔	
یہ الماری جو کمرہ میں ہے کس کی ہے؟	وہ میرے ساتھی کی ہے۔	

تمرین (۴۳)

مندرجہ ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں!

اِبْنٌ	عَمٌّ	أُخْتٌ	اَلَّذِی	اَلَّتِی

تمرین (۴۴)

مندرجہ ذیل خالی جگہوں کو پر کریں!

لِمَنْ ..... الْقَلَنْسُوَةُ ؟	هِیَ	أَلَکَ ....؟
نَعَمْ .....اِبْنٌ	.....هٰذَا...... ؟	.....لِخَالِدٍ
لِمَنْ ...... السَّيَّارَةُ ....؟	......لِابْنِ	
لِمَنْ ....الْحَقِيْبَةُ .... عَلَى الْمَكْتَبِ؟	......لِابْنِ	

تمرین (۴۵)

مندرجہ ذیل جملوں میں سے غلط جملوں کو درست کریں!

لِمَنْ ذٰلِکَ الْمِخَدَّةُ اَلَّتِی عَلَى السَّرِيْرِ؟	هِیَ لِلطَّالِبِ الَّتِی وَاقِفٌ فِی الطَّابُوْرِ.
لِمَنْ هٰذِهِ السَّاعَةُ الَّذِی عَلَى الرَّفِّ؟	هُوَ لِلْوَلَدِ الَّذِی جَالِسَةٌ فِی الْفَصْلِ
لِمَنْ ذٰلِکَ الْقَلَنْسُوَةُ ؟	هُوَ لِصَدِيْقِی.
أَلَکَ أَخٌ يَا فَاطِمَةُ ؟	نَعَمْ ! لِی أَخٌ وَاحِدٌ.

اَلدَّرْسُ الثَّانِيْ عَشَرَ (١٢)

خَالِدٌ وَلَدٌ صَالِحٌ . (خالد ایک نیک لڑکا ہے)

مرکب: مرکب وہ ہے جو دو یا زیادہ لفظوں سے ملکر بنے جیسے: **اَلْوَلَدُ الصَّالِحُ** (نیک لڑکا)

مرکب توصیفی: وہ ہے جس میں دوسرا لفظ پہلے کی صفت (اچھی یا بری) کو بتلائے اِن میں سے پہلے کو موصوف اور دوسرے کو صفت کہتے ہیں، جیسے: **خَالِدٌ مُدَرِّسٌ قَدِيْمٌ.** (خالد ایک پرانا استاذ ہے) **كَاشِفٌ وَلَدٌ كَسْلَانُ.** (کاشف ایک سست لڑکا ہے)

